اگر نہو یہہ تو پہر کسی سے نہ دوستی ہی نہ دشمنی ہے

لگا نہ اس بتکدہ میں تو دل جو ٹوٹتا ہی تو ٹوٹ کر مسل
کہ کیسا ہی کوئی خوش شمایل صنم ہی آخر شکستنی ہے

نہیں ہی قانع کو خواہش زر وہ مفلسی میں بھی ہی تونگر
جہاں میں مانند کیمیا گر ہمیشہ محتاج دل غنی ہے

کوئی ہی کافر کوئی مسلمان جدا ہر اک کی ہی راہ ایمان
جو اسکی نزدیک بہتری ہی وہ اوسکی نزدیک بدتری ہی

تکلف منزل محبت نکر چلا چل تو بے تکلف
کہ جا بجا خارزار وحشت سی زیر پا فرش سوزنی ہی

خدنگ مژگاں کا اسکی شوق اوسکی دل بنا سینہ سپر ہی جسکی
مثال آئینہ سخت جانی لیے سینہ دیوار آہنی ہے

نگاہ اوس پری سی لڑتی ہے
جان کشتی قضا سی لڑتی ہی

شعلہ بہڑکی نہ کیونکہ محفل میں
شمع تجھہ بن ہوا سی لڑتی ہی

تشنہ دست سی جا لڑتی ہے
دیکھو احمق خدا سی لڑتی ہی

ہیں مژگاں کی دو صفیں گویا
ایک بلا ایک بلا سی لڑتی ہی

شور قلقل یہ کیوں ہی دختر رز
کیا کسی آشنا سی لڑتی ہی

نگہ ناز اوسکی عاشق سی ۔ چھوٹ کر کس ادا سی لڑتی ہی
تیری بیمار کی سر بالین ۔ موت کیا کیا شفا سی لڑتی ہی
واہ کیا کیا طبیعت اپنی بھی ۔ عشق مین ابتدا سی لڑتی ہی
زال دنیا نی صلح کی کسدن ۔ یہہ لڑا کا سدا سی لڑتی ہی
تیری شمشیر کی چھینٹون سے ۔ چھینٹی آب بقا سی لڑتی ہی
دیکھ اوس چشم مست کی شوخی ۔ جب کسی پارسا سی لڑتی ہی

سچ ہی الحرب خدعۃ ای ذوق
نگہ اوسکی دغا سی لڑتی ہی

دل کی معاش غم ہی غم کی تلاش ہی ۔ ڈرتا ہون دل سی مین کہ برا بد معاش ہے
اس بتکدہ مین کون ہی کافر تری سوا ۔ تو آپ ہی بت پرست و بت و بت تراش ہے
ہوتی وبال دوش ہین گشتگان عشق ۔ اوٹھ جاتی ہو کر دن ہی مین عاشق کی لاش ہے
لبریز صد نشاط برنگ ہلال عید ۔ سینہ مین میری ناخن غم کی خراش ہے
کرتی ہیہہ شک آہ مین تکلیف کیون عبث ۔ ہوجا بار از دل تو لگا ہو مین فاش ہی
دنبالہ پر جو سرمہ کی دانہی خال کا ۔ گویا کہ دست چشم فسونگر مین ماش ہے
کیا شاد کو خفیف کری ہی زبان خلق ۔ شاباش جسکو کہتی ہین وہ شادباش ہے

اوٹھی جہان ہی سی جو بستر سی وہ اوٹھ
تیرا مریض عشق جو صاحب فراش ہی

برندہ ایک تیغ محرف سی ہے سوا
اوس کج ادائی اور نکالی تراش ہے

مسکن بذیر آج ہی دل مین ہین جتنی غم
روز ازل سی سکی یہین بود و باش ہے

ای ذوق جانتا ہی وہ ہمدرد میرا درد
دل جسکا پارہ پارہ جگر پاش پاش ہے

ہی تیری کان زلف معنبر لگی ہوئی
رکھیگی ہیہ نہ بال برابر لگی ہوئے

بیٹھی بہری ہوئی ہین جسم می کیطرح ہم
پر کیا کرین کہ مہر ہی ہو نہ پر لگی ہوئی

جاتی بغیر خون کوئی رہتی ہی تیری تیغ
ہی پھر تو اسکو چاٹ ستمگر لگی ہوئی

میت کو غسل دیجیو نہ میں خاکسار کے
ہی تن پہ خاک کوچہ دلبر لگی ہوئے

عیسی بہی گر ہی پاس تو ممکن نہین شفا
خورشید کو وہ تپ ہے فلک پر لگی ہوئے

نکلی ہی کب کسی سی کہ اوسکی مژہ کی نوک
ہی پہانس سے کلیجہ کے اندر لگی ہوئی

کرلی ہی زیر برقع فانوس تاک جہانک
پروانہ سی ہی شمع منور سے لگی ہوئی

بیٹھی ہین دلکی کہینچی والی ہزار ہا
گذری ہی اوسکی راہگذر پر لگی ہوئی

یہہ چاہتا ہی شوق کہ قاصد بجای مہر
آنکھ اپنی ہو لفافہ خط پر لگی ہوئی

موسنی لگا ہوا ہی اگر چاہ می تو کیا
ہی دل ہی یاد ساقی کوثر لگی ہوئی

ای ذوق دیکھہ دختر رز کو نہ موںہہ لگا
چھٹتی نہین ہی موںہہ سی یہ کافر لگی ہوئی

تجھکو کچھہ یاد بھی ہین پہلی وہ الفت کی مزی
بی مزہ ہونی کی لطف اور شکایت کے مزی

بی محبت نہین ای ذوق شکایت کی مزی
بی شکایت نہین ای ذوق محبت کے مزی

کہائی کوچہ مین تیری آگی جو سنگ طفلان
آئی مجنون کو تیری میوۂ جنت کی مزی

لگتی مرچین سی کیا ہونکو ہین کیا کیا نمک
دل بریان سی مری سوز محبت کی مزی

صرف ہر زخم جگر یا نہو صد کان نمک
لوٹی کیا عشق مین اوس کان ملاحت کی مزی

ملت عشق مین ہو کاش تناسخ ہی ہمی
کہ اوڑائین تیری سر بار شہادت کے مزی

دیکھکر اوسکو گیا عالم حیرت مین تو مین
لیک مین کیا کہون اوس عالم حیرت کے مزی

سجدہ مین پاتی جسم میں ہی کس لطف سی مست
یون عبادت ہو تو زاہد ہین عبادت کے مزی

غنچۂ خندان ہو نہ کیون کرکی زر سر پا بربا
کہ اوڑاتی ہی مین دولت کی ہین دولت کے مزی

جان شیرین ہی گئی اور نہ ملی شیرین ہی
پوچھو فرہاد سی اس تلخئ حسرت کی مزی

ابر و باران کی نہ کیون لطف اوٹہائین میخوار
کہ اوڑاتی ہین گنہگار ہی رحمت کی مزی

ہی نمک پاش جو منہ مین ترے وہ لعل نمکین
لی رہا ہی دل مجروح جراحت کی مزی

کچھہ جتاؤن جو محبت تو کہی ہی کہ تجھی
دیکھہ تو کیسی چکھاتا ہون محبت کی مزی

ذائقہ چاشنی عشق کا کامل ہو تو دین / شادی وصل کی لذت غم فرقت کے مزے
نہین جز بی مزگی کو سے مزا دنیا مین / پر مزے دار بنا دیتی ہین غفلت کی مزے
خنجر ناز نی کیا چاٹ لگا دی دل کو / چاٹتا ہونٹ ہی لی لیکی جراحت کی مزے
بی مزاجی کو کرین لاکہ تری ظلم و ستم / بہولنی کی نہین ہیلی وہ عنایت کے مزے

پہر ہرا زخم کا انگور مبارک اى ذوق
دل زخمی کو تری بادۂ عشرت کی مزے

اول ہی سی بستر کو ہی رغبت خلاف سے / لیتا تہا کام موہنہ کا شکم مین یہہ ناف سے
کٹ وہ گزرتی ہین سر لاف و گزاف سی / جنکی کہ آشنا ہی زبان لام و کاف سے
چل میکدہ مین شیخ بسر کر مہ صیام / مسجد مین تنگ بیٹہا ہی کیون اعتکاف سے
نالون نی دی جو ہڑ ہا جو تپ لرزہ مصر کو / کہولی نہ آنکہہ اہرسیہ کی لحاف سی
پہینکے ہی ایک جنبش مژگان نے وہ پری / اس اپنی ناتوان کو پری کوہ قاف سے
ہی جوہر کمال یہ نکلا اگر فقیر / ہی تیغ تیز تنگ ہی اوسکو غلاف سے
گزری ہی مشق سینہ شگافی مین عمر چرخ / اس کلک تیر نالہ گردون شگاف سے
گردش ہی اوسکی چشم کی کیون بی دل کی گرد / کافر کو کام کعبہ کی ہی کیا طواف سے
لڑتی ہین کہ نصیب سے گاہی فلک سے ہم / فرقت کی رات کم نہین روز مصاف سی

لکہتا ہی شیخ مسئلہ وحدت وجود کا | لیکن دوئی عیان ہی قلم کی شگاف سے

گلہای رنگ رنگ سی ہی رونق چمن
اہی ذوق اس جہانکو ہی زیب اختلاف سی

کیا عرض لاکہہ خدائی ہین جون دولت والی | اونکا بندہ ہون جو بندہ ہین محبت والی

چاہین گر چارہ جراحت کا محبت والی | بیچین الماس و نمک سنگ جراحت والی

گئی جنت مین اگر سوز محبت والے | تو یہہ جانو ہی دوزخ ہی مین جنت والے

ساقیا ہون جو صبوحی کی نہ عادت والے | صبح محشر کو اٹہین نہ تری متوالی

رہی جون شیشۂ ساعت وہ مکدر دونو | کبہی مل ہی گئی دو دل جو کدورت والے

کس مرض کی ہین دوا یہہ لب جان بخش تری | جان بلب ہین تری آزار محبت والے

حرص کی پہیلتی ہین پاؤن بقدر وسعت | تنگ ہی رہتی ہین دنیا مین فراغت والے

ہای ری حسرت دیدار مری ہمسایی کو بہی | لکہتی ہین ہای دوچشمی سے کتابت والے

ہین جز شمع مجاور مری بالین مزار | نہین جز کثرت پروانہ زیارت والی

نہ ستم کا کبہی شکوہ نہ کرم کی خواہش | دیکہہ تو ہم بہی ہین کیا صبر و قناعت والے

کیا تماشا ہی کہ مثل مہ نو ہین با فروغ | جانتی اپنی حقارت کو ہین شہرت والے

دل سی کچہہ کہتا ہون مین مجہسی ہی کچہہ دل کہتا | دونون یک حال ہین ہین رنج و مصیبت والے

تو جو آجائی تو ہی درد محبت کے دوا
میری ہمدرد ہون ہمدرد نصیحت والی

چھوڑ دیتی ہین قلم جون قلم آتش باز
میری شرح تپش دل کی کتابت والے

کبھی افسوس ہی آتا کبھی رونا آتا
دل بیمار کی ہین دو ہی عیادت والی

تو مری حال سی غافل ہی پرا غفلت کیش
تیری انداز تغافل نہین غفلت والی

نازہی گل کو نزاکت پہ چمن مین ذوق
اسنی دیکھی ہی نہین نازو نزاکت والی

کیا غمزۂ تر ابر سر بیداد غضب ہے
جلاد فلک سی ہی یہہ جلاد غضب ہے

جو ہی ستم و کینہ و بیداد غضب ہے
سر تا بقدم وہ ستم ایجاد غضب ہے

ناز آفت و چشم ستم ایجاد غضب ہے
شاگرد ہی ہی قہر جو استاد غضب ہے

بلبل یہہ تری واسطی فریاد غضب ہے
فریاد نہ کر دیکھہ صیاد غضب ہے

کیون غنچہ پریشان ہو نہ ہوتی ہی شگفتہ
اس باغ مین ہونا ہی دل شاد غضب ہے

نکلی ہی صدا کوہ سی ہم آتش و ہم آب
کیا سوز و گداز دل فرہاد غضب ہے

خاکستر پروانہ پہ روتی ہی بجا شمع
ہو خاک جگر سوختہ برباد غضب ہے

ہم چاہتی ہی نکو گری سب کی نظر سی
پہلی ہی سی اس چاہ کی افتاد غضب ہے

اوس بت کا یہہ حسن خداداد نہ اسکو
یہہ [illegible] [illegible] [illegible] اوسکا دل ناشاد غضب ہے

ہوتا ہی سپند ایک ہی آواز مین آخر
کیا سوختہ جانون کی ہی فریاد غضب ہے

توڑا اگر شاخ کو کثرت نی ثمر کے
دنیا مین گرانبار ہی اولاد غضب ہے

ای شوخ تری چشم غضبناک کی ہوتے
ہم چاہین قضا سی اگر امداد غضب ہے

اللہ کری خیر مری شیشۂ دل کے
پہر آج وہ مست مئی بیداد غضب ہے

بہولا نہ مجہی قتلگہ عام مین قاتل
ابتر ہی ترا حافظہ کیا یاد غضب ہے

اخوان شیاطین ہین یہ مسرف بیجا
کیا حضرت آدم کی ہی اولاد غضب ہے

مرتی نہین جو دن پہ ترے طرح سی اعدا
ہم جیسے ہین عاشق وہ پریزاد غضب ہے

انجم سی رخ چرخ پہ بوندین ہین عرق کی
عاشق کی تری گرمی فریاد غضب ہے

ہی سرو تو پابند غم بی ثمری مین
کہتی ہین گرفتار کو آزاد غضب ہے

غصہ ہی ترا قہر ترا قہر قیامت
رنجش تری بیداد ہی بیداد غضب ہے

ہی عکسی ہنوز آئینہ با دیدۂ پر آب
اسکندر رومی کی ہی روداد غضب ہے

وہ کونسا غم ہی کہ جو دنیا مین نہین ہے
اور اسپہ ہی دلکش یہہ غم آباد غضب ہے

قامت ہی ترا کیا ہی سر سرو قیامت
طرہ ہی سر طرۂ شمشاد غضب ہے

دین ہوش بہلا مردم ہشیار کی پل مین
آنکہونکو تمہاری ہی وہ فسون یاد غضب ہے

سو فتنہ ہین پنہان نظر لطف مین اوسکی
یہہ لطف نہین ای دل ناشاد غضب ہے

یہہ خانۂ ہستی ہی عجب خانۂ رنگین
ای ذوق مگر ہستی بنیاد غضب ہی

ہوئی وہ کب قائل قیامت جو تیرا قامت نہ دیکہہ لینگی
رہینگی رو بہت سی بلکہ منکر جو تیری صورت نہ دیکہہ لینگی

ہمین غرض کیا کہ جا بینگی ہم حرم کو ای شیخ بتکدہ سی
یہین ہی تو ہمین خدا کا اپنی ظہور قدرت نہ دیکہہ لینگی

نہ دیکہلی کیسی کیسی آفت جہان مین ہمنی تمہاری باعث
اور آگی کیا کیا غم و الم تمہاری دولت نہ دیکہہ لینگی

دکہا نا حوال اونکو بیا یہہ اونکی الفت کا امتحان ہی
کہ ہوگی الفت تو دیکہہ لینگی نہ ہوگی الفت نہ دیکہہ لینگی

بلا سی گردانیاں کا سا نہین ہی پاس اپنی فالنامہ
ہم اپنی نقطون سی داغ دل ہی کی فال دولت نہ دیکہہ لینگی

ہلال کو دیکہین کیون فلک پر اگر ہی منظور عید ہمکو
تو اوسکی تیغ ستم کا دل مین لب جراحت نہ دیکہہ لینگی

بہار باران کو کون دیکہی بغیر یاران ہی تیر باران

ہم اوسکی بدلی سرشک مژگان کی اپنی شدت نہ دیکھہ لینگی
اگرچہ مین مر ہی جاؤنگا تو کہینگی جیتا ہی دم چرایا
وہ جبتلک اپنی آستانہ پہ میری تربت نہ دیکھہ لینگی
مجھی یقین ہی نہین دکھا ئینگی اپنی رخسار لالہ گون کو
روان میری چشم تر سی جبتک وہ خون حسرت نہ دیکھہ لینگی
یہہ لوگ نا واقف محبت ہونگی واقف تب درون سے
کہ جبتلک مثل برق رگ رگ مین میری سرعت نہ دیکھہ لینگی
خط اوسکو دی ہی دیا جو قاصد نی ذوق دیکھئیگا دیکھو کیا ہوگا
وہ خط نہ پہچان لینگی میرا سری عبارت نہ دیکھہ لینگی

کیا نہ نظر تمکو ہی یارو ن سی تو کہیی
گر ہو نہہ سی نہین کہتی اشارو نسی تو کہیی
حال دل بیتاب کہا جائی جو ہمسی
گر کہیی نہ لاکہون سی ہزارو ن سی تو کہیی
کیا کہتی ہو پیسی سر خاک شہیدان
کچھہ فتنہ اوٹھا ئی ہوی مزارو نسی تو کہیی
پھر قم نہ کہین حضرت عیسی اگر اونسی
کہیی کہ یہہ قم عشق کے مارو ن سی تو کہیی
کچھہ سوز دل اپنا کسی دلسوز کے آگے
فرصت ہو تپ غم کی حرارو ن سی تو کہیی
موقوف ہی گر دل کا تسکار آن وا دا پر
تو پہلی کچھہ ان میر شکارو ن سی تو کہیی

ان دانتون کو کیا موتیون سی کہتی ہو ہمتا
موتی نہین کچھہ مال ستارون سی تو کہیے

شانہ کا دل چاک پسند آپ کو آیا
کس واسطہ ان سینہ فگارون سی تو کہیے

کبہی نہ تنگ ظرف سی ای ذوق کہہ راز
کہکر اوسی سنا ہو ہزارون سی تو کہیے

یہہ اقامت ہمین پیغام سفر دیتی ہے
زندگی موت کی آنیکی خبر دیتی ہے

زال دنیا ہی عجب طرح کی علامۂ دہر
مرد دیندار کو بہی دہریہ کر دیتی ہے

تیرہ بختی مری کرتی ہی پریشان مجھکو
تہمت اوس زلف سیہ فام پہ دہر دیتی ہے

بڑہتی جاتی ہی جو مشق ستم اوس ظالم کی
کچھہ محبت مری اصلاح مگر دیتی ہے

دینی شربت ہی کسی ہر ہری آنکہہ تیرے
عین احسان ہی وہ زہر بہی گر دیتی ہے

دمبدم زخم پہ اک زخم ہی دم لینی کی
مجھکو فرصت تری کب تیغ نظر دیتی ہے

تپ دل شمع کی جب کم نہین ہوتی ہا جا
اوسکو کافور سفیدی سحر دیتی ہے

کوئی غمانہین میری طرفسی ای ذوق
کان اوسکی مری فریادسی بہرے ہی

مری جو موت کی عاشق بیان کبہو کرتی
مسیح و خضر بہی مرنی کی آرزو کرتی

غرض ہی کیا تری تیر نگاہ سی نکلی
مگر زیارت دل کیونکہ بی وضو کرتی

اگر یہہ جانتی چُن چُن کی ہمکو توڑینگی
تو گل کبھی نہ تمنای رنگ و بو کرتی

یقین صبح قیامت کو ہی صبوحی کش
اوٹھینگی خواب سی ساقی سبو سبو کرتی

سمجھہ دار و رسن تار و سوزن اینکو
کہ چاک پردہ حقیقت کا ہین رفو کرتی

عجب نہ تہا کہ زمانہ کی انقلاب سی ہم
تیمم آب سی اور خاک سی وضو کرتی

سراغ عمر گذشتہ کا ڈہونڈہی گر ذوق
تمام عمر گذر جاسے جستجو کرتی

ناساز ہی جو ہمسی اوسی سی یہہ ساز ہی
کیا خوب دل ہی واہ ہمین جسپہ ناز ہی

اوس سنگ دل بتان پہ جبین نیاز ہے
وہ اپنی جانماز ہی اور یہہ نماز ہے

دروازہ میکدہ کا نکر بند محتسب
ظالم خدا سی ڈر کہ در توبہ باز ہے

خانہ خرابیاں دل بیمار غم کی دیکھہ
وہ ہی دوا خراب ہی جو خانہ ساز ہی

ڈرتا ہون خنجر اوسکا نہ بہجائی ہوکی آب
میری گلی مین نالہ آہن گداز ہے

پہنچا ہی شب کمند لگا کر وہان رقیب
سچ ہی حرامزادی کی رسی دراز ہے

اوس بت پہ گر خدا ہی ہو عاشق تو آئی رشک
ہرچند جانتا ہون کہ وہ پاکباز ہے

مداح خال روی بتان ہون مجہی خدا
بخشی تو کیا عجب کہ وہ نکتہ نواز ہے

اسی ذوق ناسپہ کہلی کیون نہ راز عشق

ہر نالہ اک کلید در گنج راز ہے

ساقیا عید ہی لا بادہ سی مینا بہر کی
کہ ہی شام پیاسی ہین مہینا بہر کی

آشناؤن سی اگر ایسی ہی بیزار ہو تم
تو ڈبو دو ہمین دریا مین سفینا بہر کی

ہین پروین کہ یہ ہین حقہٴ پروین مین ملک
لائی اوس عارض روشن سے پسینا بہر کی

روز اس گلشن رخسار سی لیجاتی ہین گل
اپنی دامان نگہ مردم بینا بہر کی

خم پر جوش کی مانند چھلکتا ہے مدام
خون حسرت سی لبون تک مرا سینا بہر کی

جام خالی ہی لگا موُنہہ سی نہ کم ظرف کی تاہ
ذوق کی ساتھہ قدح ذوق سی پینا بہر کی

ہین مژگان پر جون خار زخم ہی دلنشین نکلی
جنون یہ نشتر کبہی کبہین ٹوٹی کہین نکلی

عدو ہی نشترن کی گہر سی میرا مہ جبین نکلی
الہی برج عقرب سی قمر جلدی کہین نکلی

چھٹی کیا ہمسی شوق حسن گندم گون کہ گندم سے
ہماری جد امجد چھوڑ کر خلد برین نکلی

تری انداز سی سو سو طرح کی ناز ہون پیدا
تیری ہر ناز پر سو سو کا دم ای نازنین نکلی

پری جا کر نئی دنیا سی بہی گر ڈہونڈو دنیا مین
تو خالی خاک آدم سی نہ چپا پہر زمین نکلی

جدا ہی دوربینش اور اس چشم تصور کو
کہ لاکہون کام اس سی دور کی بہی دوربین نکلی

تصور اوس لب شیرین کا آجاوی اگر دلمین
تو آنسو ہو کی شربت خون ہوکر انگبین نکلی

گہادل مرا ہے اس عرصے سے مین کہ اے قاتل
زبان تیغ سے بہی آفرین صد آفرین نکلی

مری دل مین جو حسرت ہی نکالون مین کہان اوسکو | نہ وہ زیر فلک نکلی نہ وہ زیر زمین نکلی

سنا کرتی ہی شہر ذوق جنکی پارسائی کو
وہ سب یاں خرابات اپنی نکلی ہمنشین نکلی

ہم متساعد وہنا کسیکو نہین پاتے | تم پاتی ہو ہمکو تو چہرے کو نہین پاتی
غنچہ تری غنچہ دہنی کو نہین پاتی | ہسنی مین مگر تیری ہنسی کو نہین پاتی
کیون ہمنی دیا دل تجہی او سنگدل اپنا | کمبخت ہم اوس سخت گہڑی کو نہین پاتی
وہ کونسا غم ہی جسی پاتی نہین دل مین | لیکن نہین پاتی تو خوشی کو نہین پاتے
لیتی ہین شب وصل مین ہم اونکی جو بوسی | وہ لب بہ سحر رنگ مسی کو نہین پاتی
مین ایسا کہین گم ہون کہ یاران عدم بہی | گم ہوکی مری گم شدگی کو نہین پاتی

معلوم نہین اوسکی دہن ہی کہ نہین ہے
ای ذوق ہم اس سر خفی کو نہین پاتے

نبض ملتی ہی کہان میری فلاطون چلتی | ہی یہہ ضعف اب تو کہ چہوٹی ہی نہین ہون چلتی
پوچہی کیونکر جرس ناقۂ لیلی کی صدا | آج آندہی تری قسمت سی ہی مجنون چلتی
کہولدی آنکہین دم ذبح نہ دیکہو تجہی | پہر چہری اپنی تو گردن پہ مین دیکہون چلتی
جب مین دنیا سی چلا سر پہ پہ بولی حسرت | تو اکیلا نہین ہمرہ تری مین ہون چلتی

دور کر بالونکو سر سے کہی ہی لیلے
پہ نہین کان پہ مجنون کی ذرا جون چلتی

مین تو اون انکہون کی گردش کا بلا گردان ہوون
کہ نہین تیری ہی پہان گردش گہ دون چلتی

عمر طی کرتی ہی ہر دم سفر بحر فنا
جسکو تو سانس کہی ہی دل محزون چلتی

چلتی کو دیکہی ہی ساحل کو سوار کشتی
پر حقیقت مین ہی کشتی سر جیحون چلتی

ذوق کل اور کہوئی تازہ کہلا چاہتا ہی
کہ ہوا باغ جہان مین ہی دگرگون چلتی

مزی یہہ دلکی لیئی تہی نہ تہی زبانکی لیئی
سو ہمنی دلمین مزی سوزش نہانکی لیئی

نہین ثبات بلندی عزو شان کی لیئی
کہ ساتہہ اوج کی پستی ہی آسمان کی لیئی

ہزار لطف ہین جو ہر ستم مین جانکی لیئی
ستم شریک ہوا کون آسمان کی لیئی

فروغ عشق سی ہی روشنی جہانکی لیئی
یہی چراغ ہی اس تیرہ خاکدانکی لیئی

صبا جو آئی خس و خار گلستان کی لیئی
قفس مین کیونکہ نہ پہڑکی دل آشیانکی لیئی

سدا تپش پہ تپش ہی دل تپان کی لیئی
ہمیشہ غم پہ ہی غم جان ناتوانکی لیئی

حجر کی چومنی ہی پہ ہی حج کعبہ اگر
تو بوسہ ہمنی ہی اوس سنگ آستان کی لیئی

نہ چہوڑ تو کسی عالم مین راستی کہ یہہ شی
عصا ہی پیر کو اور سیف ہی جوان کی لیئی

جو پاس مہر و محبت کہین بیان بکتا
تو ہم ہی لیتی کسی اپنی مہربان کی لیئی

خلش سی عشق کی ہی خار پیرہن تن زار
ہمیشہ اس تیری مجنون ناتوان کی لیئی

تپش سے عشق کی یہہ حال ہی مرا گویا
بجای مغز ہی سیماب استخوان کی لیی

مری مزار پہ کسطرح سی نہ برسی نور
کہ جان دی تری روی عرق فشانکی لیی

یہی کان مین کیا اوس صنم نی پہونکدیا
کہ ہاتہہ رکہتی ہین کانون پہ سب اذانکی لیی

نہین ہی خانہ بدوشون کو حاجت سامان
اثاثہ چاہیی کیا خانہ کمان کی لیی

نہ دل رہا نہ جگر دونون جلکی خاک ہوی
رہا ہی سینہ مین کیا چشم خونفشان کی لیی

نہ لوح گور پہ ستونکی ہو نہ ہو تعویذ
جو ہو تو خشت خم ہی کوی نشان کی لیی

اگر میدہ نہ ہمسایہ ہو تو خانہ یاس
بہشت ہی ہمین آرام جاودان کی لیی

وہ مول لیتی ہین جسدم کوی نئی تلوار
لگاتی پہلی مجہی پر ہین امتحان کی لیی

صریح چشم سخنگو تری کہی نہ کہی
جواب صاف ہی بیطاقت و توان کی لیی

رہی ہی ہول کہ برہم ہو مزاج کہین
بجا ہی ہول دل اونکی مزاجدان کی لیی

مثال لی ہی مرا جبتلک کہ دم مین دم
فغان ہی میری لبی اور مین فغانکی لیی

بلند ہو وی اگر کوی میر اشعلہ آہ
تو ایک لعمہ ہو خورشید آسمان کی لیی

چلین ہین دیر کو مدت مین خانقاہ سی ہم
شکست توبہ لیی ارمغان مغان کی لیی

وبال دوش ہی اسس ناتوانکو سر لیکن
لگا رکہا ہی تری خنجر و سنانکی لیی

بنایا آدمی کو ذوق ایک جزو ضعیف
اور اس ضعیف سی کل کام دو جہانکی لیی

جو دل قمار خانہ مین بت سی لگا چکے | وہ کعبتین چھوڑ کے کعبہ کو جا چکے

کیا خط مین مدعا لکھون ہاے کہ مدعی | پہلی ہی اونکو میری طرف سی پڑھا چکے

آنا بلا سی اوسکا قیامت سی کم نہین | مرتی ہین انتظار مین اک روز آ چکے

زہراب بہی ہی بادہ تو کر لینگی نوش جان | ساقی پیالہ موںہہ سی ہم اپنی لگا چکے

اچھا کیا وفا کی عوض تونی کی جفا | بس اب ستم نکر کہ کیا اپنا پا چکے

یاد آیا بہانکی آنیکا وعدہ او نہین تو کب | جب انکو وہ پاؤن مین مہندی لگا چکے

جبتک کہ سر ہی ساتہہ ہی یہہ سر کی ہو سو ہو | ہم اپنی سر پہ بار محبت اوٹھا چکے

کیا دیکھتا ہی تیغ نگہ ایسی اک لگا | قصہ تمام عمر کا ای پرجفا چکے

اب خاک کی ہین ڈہیر تو کیا اس خرابہ مین | پہلی تو ہم بہی خاک بہت سی اوڑا چکے

بار آیا دیکھنی سی نہ آتش رخونکی دل | سو بار آبلہ سی آنکھین دکھا چکے

حاجت نہین ہی تیری شہیدونکو غسل کی | قاتل وہ تیری ہاتہہ سی خون مین نہا چکے

کیا مجھسی قیمت دل و جان پوچھتا ہی تو | دونون ہین ایک نگاہ پہ ای دلربا چکے

بیکار رو آج خوب چلو میکدہ کو ذوق | چھوڑو کہین وظیفہ بہت بڑبڑا چکے

اثر تیشہ و بہانا کوئی ہمسی سیکہہ جائی | برق مضطر تلملانا کوئی ہمسی سیکہہ جائی

تیر و پیکان جتنی تہی دلمین دیئی ہمنی نکال | اپنی ہاتون گہر لٹانا کوئی ہمسی سیکہہ جائی

دیکھکر قاتل کو بھر لائی خوشی دلمین جو ن
سچ تو یون ہی مسکرانا کوئی ہمسے سیکھہ جائے

خط مین لکھوا کر او نہین بھیجا تو مطلع درد کا
ورد دل اپنا جتانا کوئی ہمسے سیکھہ جائے

تیغ تو اوچھی پڑی تھی گر پڑی ہم آپ سے
دل کو قاتل کی بڑھانا کوئی ہمسے سیکھہ جائے

جب کہا مرتا ہون وہ بولی مرا سر کاٹکو
جھوٹ کو سچ کر دکھانا کوئی ہمسے سیکھہ جائے

وہان ہلی ابرو یہان گسدن پہ پھیرے ہمنے تیغ
بات کا ہمسا ہی پانا کوئی ہمسے سیکھہ جائے

سنکے آمد اونکی از خود رفتہ ہوجاتی ہین ہم
پیشوا اپنی کو جانا کوئی ہمسے سیکھہ جائے

ہمنے پہلی ہی کہا تھا تو کریگا ہمکو قتل
تیور ونکا تاڑ جانا کوئی ہمسے سیکھہ جائے

جو سکھایا اپنی قسمت نے وگرنہ اوسکو عیش
کیا سکھائیگا سکھانا کوئی ہمسے سیکھہ جائے

کیا ہوا اے ذوق ہین جون مردمک ہم روسیاہ
لیکن آنکھون مین سمانا کوئی ہمسے سیکھہ جائے

زبان پیدا کرون جون شمع سینہ مین سیکان سے
دہن کا ذکر کیا یہان سر ہی غائب ہے گریبان سے

اوڑائی خوب گلچھرے نکل مجنون نے زندان سے
کہ ہرسو گلفشانی ہے شرار سنگ طفلان سے

فلک کیا فتنہ سازی مین ہو ہمسر چشم فتان سے
گرا تھا یہہ بھی تو تک سرمہ آلودہ اوسکی نوک مژگان سے

شرارے متصل نکلی یہانتک سنگ طفلان سے
کہ چمکی ہے سر مجنون پہ بجلی سنگ باران سے

یہانتک ناتوان ہین ہم کہ رجائین اگر جان سے
اوٹھائی مور لاشہ کو ہمارے دست مژگان سے

اسی باعث سے دایہ طفل کو افیون دیتی ہے
کہ تا ہوجائے لذت آشنا تلخی دوران سے

جو خانہ ہستی مین ہی انسان کی لیی ہی
آراستہ یہہ گہر اسی مہمان کی لیی ہی

زلفین تیری کافر ہین دلسی مری کیا کام
دل کعبہ ہی اور کعبہ مسلمان کی لیی ہی

کیونکر نہ سخن سی ہون گرفتار قفس کر
ہان قید قفس مرغ خوش الحان کی لیی ہی

ہی بادہ کشونکی لیی ایک غیب سی تائید
زاہد جو دعا مانگتا باران کی لیی ہی

اپنونسی خلل اپنی ہین سب اپنونکی دشمن
ہر نی مین ہری آگ نیستان کی لیی ہی

جبھی تو لی افشان جو ای مہ جبین ہی
ستارون مین کیا کیا چنان اور چنین ہی

نہ پوچھو کہ دل شاد ہی یا حزین ہی
نہین یہہ بہی معلوم ہی یا نہین ہی

نہ چہوڑیگی جیتا مجھی چشم قاتل
یقین ہی یقین بلکہ عین الیقین ہی

لیی ضبط اشک الہی ہی فلک پر
مرا اشک کم خرج بالا نشین ہی

یہ ہی تفرقی یہہ جدائی سی تیری
کہ مین ہون کہین دل کہین جان کہین ہی

ہنسی ہی جو کچھہ رنجش ہیر اونکی
تو موج تبسم ہی چین بر جبین ہی

وہ ہی پاس ہی اور مری بدگمانی
لیی پہرتی مجھکو کہین کا کہین ہی

نہ کی آہ سوز جگر دلپر اوٹھائی
تجھی آفرین ذوق صد آفرین ہی

ناتمام

پیشوائی کو بڑہی گر شش دل آگی / دور سی مجنون کیطرف ناقہ سی محمل آگے

جالی اسطرح سی اوس کوچی مین ہم دل اور کر / دل سی ہم آگی کبھی ہم سی کبھی دل آگے

گرچہ ہون وادی عنقا سی پری لاکہون کوس / لیک ہے گمشدگی کی ابہی منزل آگے

سمجھنا ناقص ہے غنیمت ہے اسے فن مین ذوق / کاملیت ہی کہان ہو چکی کامل آگے

ناتمام

تو نکہہ مین نہ سرمہ دنبالہ دار دے / مضمون چشم کو یہین ایک تیر مار دے

چہلا ہین تو ہہلی کا گل ای نگار دے / کچہہ تو نشانی اپنی مجہی یادگار دے

دشنام ہو کی وہ ترش ابرو ہزار دے / یہان وہ نسی نہین جنہین ترشی اوتار دے

کیا خاک تجہہ جان کوئی جان نثار دے / مٹی تلک نہ جب سی دل کا غبار دے

جولان سمند ناز کو ای شہسوار دے / تو سرمہ چشم ماہ مین میرا غبار دے

ایسا ہو کہ آتی ہی آتی جواب خط / قاصد جواب زندگی مستعار دے

کرتا ہی یون فغان دل امیدوار وصل / جیسی اذان بلند کوئی روزہ دار دے

ای شمع تیری عمر طبیعی ہی ایک رات / ہنسکر گزار یا اسی روکر گزار دے

لی وام داغ دل سی مری سوزش آفتاب / وعدہ یہ روز حشر کی ہیرکون ادہار دے

بی فیض گر ہی چشمہ آب بقا تو کیا / مانگو تو ایک قطرہ نہ آئینہ دار دے

عاشق نہ بدلی انجم گردونسی اپنی ننگ — کیون کوڑیون کی مول ڈر نشا ہوا ردے

سینہ سی سیکھے شیوہ مردانگی کوئی — جب فصد خون کو آئی تو پہلی پکار دی

اس جبر پر تو ذوق بشر کا یہہ حال ہے
کیا جانی کیا کری جو خدا اختیار دے

پوچھہ مت راہ وفا اوس نگہ پرفن سے — رہنمائی کی نرکھہ چشم دلا رہزن سے

مین گرانبار محبت سرا خون ہی ہی گرن — جی دہڑکتا ہی تیری نازکی گردن سی

ہوگیا کاغذ سوزن زدہ سینہ سارا — دلکی جو پہانس نہی نکلی نہ سر سوزن سی

گر جہکی تیغ تیری سر اپنی حاضر ہی ہم — اسپہ مرتی ہین کہ تعظیم تو لی دشمن سے

چہوڑ کر گہر تیری ہا تو نسی نکلجا مین کہان
ننگ ہمسایون کو ہی ذوق نکر تیونسی

ناتمام

فلک تو تیرہی کی صبح سی تا شام چلتا ہے — مگر سید ہے نظر سی تیری ہنا کام چلتا ہے

ہمیشہ دور عشرت ہی جو ہم سے اہل کیفیت — کہ پھر و ماہ سی دن رات یہان ایک جام چلتا ہے

چلا پہلو سی اوٹھکر جبکہ وہ آرام جان دل — کہا آرام نی مجہسی کہ لو آرام چلتا ہی

ارادہ گر کری ناقص علو جاہ کامل کا — تو پہہ جانو کہ نا بینا کنار بام چلتا ہی

ناتمام

کون وقت ای وای گذرا جی گھبرائی ہوئی
موت پڑتی ہی اجل کو یہان تلک آئی ہوئی

آتش خورشید سی دیکھا نہین اوٹھتی دہوان
اکہڑی ہو بام پر تم بال سکھلاتی ہوئی

وہ نہ جاگی رات ہمکو ضد سی بخت خفتہ کی
بج گیا آخر گجر زنجیر کھڑکاتی ہوئی

چاک آتا ہی نظر پیراہن صبح بہار
کس شہید ناز کو دیکھا ہی کفناتی ہوئی

ناتمام

سبکو دنیا کی ہوس خوار لیی پھرتی ہی
کون پھرتا ہی یہہ مردار لیی پھرتی ہی

گھر سی باہر نہ نکلتا کبھی اپنی خورشید
ہوس گرمی بازار لیی پھرتی ہی

کر دیا کیا تیری ابرو نی اشارہ ظالم
کہ قضا ہاتھہ مین تلوار لیی پھرتی ہی

جا کی یکبار نہ پھرتا تہا جہان وہان مجہکو
بیقراری ہی کہ سو بار لیی پھرتی ہی

ناتمام

لائی حیات آئی قضا لیچلی چلے
اپنی خوشی نہ آئی نہ اپنی خوشی چلے

ہم سا بھی اس بساط پہ کم ہوگا بدقمار
جو چال ہم چلے وہ بہت ہی بری چلے

بہتر تو ہی یہی کہ نہ دنیا سی دل لگے
پر کیا کرین جو کام نہ بی دل لگی چلے

ہو عمر خضر بھی تو ہو معلوم وقت مرگ
ہم کیا رہی یہان ابھی آئی ابھی چلے

مہ مین کہان جو تاب رخ سیمتن مین ہے
پردہ سا عنکبوت کا سقف کہن مین ہے

دم کو ہمارے سینہ مین اکدم نہین قرار
یہہ وہ غریب ہے کہ مسافر وطن مین ہے

حرف آئی مجھپہ دیکھیے کس کس کی نام سے
اس رنگ سے عقیق کا دل خون یمن مین ہے

رنگین سوا ہے اسکی گل نوبہار سے
اگلا جو برگ زرد کوئی اس چمن مین ہے

وہ دل کہ جو نہ لاسکی چین جبین کے تاب
زیر شکنجہ زلف شکن در شکن مین ہے

ناتمام

ہنگام بوسہ گرم جو مجھپر ذری ہوئے
شکر ہی لب سی پینی سی شکر تری ہوئی

جلجائی خاک و حسنی چشم بتان پہ کہان
لیکن ہرن کہری سنہری بن ہری ہوئے

دکہلائی ہمنی لیکی جو اپنی در سرشک
قائل ہمارے آنکہہ کی سب جوہری ہوئے

کچھہ ہوئی آدمیت اگر ہوئی آدمے
یہہ خوبرو تو حور ہوئی یا پری ہوئی

ناتمام

ناقص کا صفا کنش سے مطلب نہ بر آئی
جو کور ہو عینک سے اوسے کیا نظر آئی

فردوس مین دکر اوس لب شیرین کا گر آئی
یا پانی دہن چشمۂ کوثر مین بھر آئے

ممکن نہین کم ہو دہی تپ سوز محبت
جون شمع مجھی لاکہہ پسینا اگر آئے

مطلع

چاہیے زرزان بتان سیمتن کی واسطے
ہم قلندر یہان نہین کوڑی کفن کی واسطے

ناتمام

ایک فلک آہ بس ہی شرح غم کی واسطی | کون نیزہ واسطی ڈھونڈی قلم کی واسطی
سر تو ہی تن پر مری تیغ ستم کی واسطی | پھر لگا رکھنی ہین وہ جھوٹی قسم کی واسطی

ناتمام

لعل شکل مہر تو جب تری توسن کو لگی | چار چاند اور فلک پہ مہر روشن کو لگی
بوسہ کی مانگنی ہی پھیرنی جیتون کو لگی | ایسی کیا لعل لب غنچۂ گلشن کو لگی
آشیان ہو جیو مرغان ہوا کا برباد | بند کرنی تری دیوار کی روزن کو لگی

متفرقات

رہی اسطرح بعد از ترک دنیا کی ہوس ہا | شرابی ہو کی تائب جسطرح ہو جای پیاسا

مطلع

ہوتا نہ اگر دل تو محبت بھی نہ ہوتی | ہوتی نہ محبت تو کچھ آفت بھی نہ ہوتی

مطلع

مصروف چارہ دیکھا کیا چارہ گر کو میں | مرچین سی لگ رہی ہین زخم جگر کو میں

مطلع

جو دل نہ کشمکش طرۂ دوتا مین پڑی | تو پھر بلا کو غرض ہی کوئی بلا مین پڑی

مطلع

نگه کا وار تها دل پر پهڑکنی جان لگی | چلی تهی برچهی کسی پر کسی کی آن لگی

مطلع

پئی تهی شکارا همکو کس کی ساقیا چوری | خدا کی گر نهین چوری تو پهر بندی کی کیا چوری

مطلع

مٹی سی مٹی اپنی جو تربت مین مل گئی | جو کچهه کہ تهی مراد محبت مین مل گئی

مطلع

بدنه بولی زیر گردون گر کوئی میری سنی | هی یه گنبد کی صدا جیسی کهی ویسی سنی

مطلع

سجده کو چاهئی یون پر پشت خم دیکهی | سرا کو جیسی تهکا اونٹ دمبدم دیکهی

مطلع

پهرتی هین لکهی پڑهی سودی مین ملک وجاه کی | طفل مکتب رهتی هین گنبد مین بسم الله کی

ناتمام

پاک رکهه اپنا دهن ذکر خدای پاک سی | کم نهین تیری زبان مونهه مین تیری …

جب بنی تیر جوا دشت کی کمان افلاک سی | خاک کا توده بنایا تیری مشت خاک سی

مطلع

دل غش لب جان بخش پر جان طرہ مشکیں پہ ہے | عیسائی اپنی دین پہ ہے موسائی اپنی دین پہ ہے

مطلع

کیا تاب دل جلو سے جو برق لاگ رکھی | دوزخ بھی ہو تو اونکی چلمون پہ آگ رکھی

ناتمام

یہاں کی آنی کا مقرر قاصدا وہ دن کرے | جو تو نا نکلیگا تجھی دونگا خدا وہ دن کرے

ذوق کہتا تہا کرونگا جمعہ کو جب کا عمل | کوئی اوسکو یاد دلوا دے ہوا وہ دن کرے

مطلع

ہوس میں کعبہ کی کیوں شیخ بتخانہ سے گمرہ ہے | یہاں تو کوئی صورت بھی ہے واں اللہ ہی اللہ ہے

مطلع

گردو ہی کہونا دل مضطر سے سیکھے | پانی دو پلا وار کی سر پر سے سیکھے

ناتمام

تم بیٹھے بغل میں جو رقیب دغل سے کے | کی گرم بغل ہمنے ہے گو بغلے سے کے

اے ذوق نکر نور میں آمیزش ظلمت | کیا کام تیری کو محبت میں سے علے کے

ناتمام

مقابل اوس رخ روشن کی شمع گر ہو جائے | صبا یہہ دہول لگائی کہ پہر سحر ہو جائے

ہماری سینہ مین وہ آہ آتشین ہے ذوق | جو برق دیکھی تو فی النار والسقر ہو جائی

کوئی کمر کو تری کمر ہے ہوا گر کمر تو کہی | کہ آدمی جو کہی بات سو سخن ہو تو کہی

بلا سی ہو دی مرا مرغ نامہ بر ہو نزرا | کہ اوسکو دیکھہ کی وہ مونہہ سی حرف سحر تو کہی

ہر ایک شعر مین مضمون گرہ ہی ہیں سی | میری طرح سے کوئی ذوق شعر تر تو کہی

مطلع

اوٹھاتا عشق مین کیون اے دل ناداں جہ نکہو لی | ابہی تو مال جو نکہون ہی پہر آگی جا جو نکہو

مطلع

ہمیشہ کام تہا مجنونکو تو صحرا نوردی سے | بسایا خانہ زنجیر سے ہمنے پاے مردی سی

مطلع

جنون سی پہری مجنون بہاگتا جیسی بگولا ہے | کہ مین صورت ہون وحشت کی بگولون سے ایک ابہوا

مطلع

خاک اوڑاتا دشت مین گر تیرا سودا ہی پہری | پھر بگولا ہی تو کیا آندہی ہی ہو لاکی پہر

گر رخ کا بوسہ دیتی نہین لب کا دیجیی | وہ ہی مثل ہی پہول نہین پنکہڑی سہی

فرہاد ضرب تیشہ سی ہی سخت ضرب غم | سچ پوچہیی تو چوٹ ہمین لی کڑی سہی

تم دو گہڑی کو آؤ تو ہین لب پہ جان کو | ٹہرا رکہون کہ اور ہی یہان دو گہڑی سہی

قطعہ

قدم سنبھالکی رکھیو راہ عشق مین اے ذوق | گذرنا اس رہ دشوار سے نہ آسان ہے
جو کوئی بلبلہ پا سے ہو رہے ہے تو بیابان | تری ڈبونیکو وہ بھی تنور طوفان ہے

مطلع

کیا کہون اوس ابرو سے پیوستہ دل آشنا کے | ایک طعمہ مچھلیان کے تھے دو شست آہنین ہے

فرد

کہتے ہیں آج ذوق جہان سے گذر گیا | کیا خوب آدمی تھا خدا مغفرت کرے

فرد

عزیزو ناقۂ لیلیٰ کی دیکھو گے شتر غمزے | اگر مجنون کو ملجائیگی خدمت سارباں کی
کہان ہم اور کہان غم ہمکو غم سے کچھ غرض مطلب | مگر ہے غیرت عشق آپ ہی کچھ مہربانی سے
مقدم صادق ہے پیش کہ جب صدق فاش ہوئے | کہ پہلی صبح کاذب آن ہے پیچھے صبح صادق

فرد

رانون کو نہ ہو حق کرا اے شیخ سناجائے | سوتی ہو اٹھو نیکی رندان خرابات

مطلع

قطرہ قطرہ آنسو جسکی طوفان طوفان شدت سے ہے | پارہ پارہ دل ہے جسکا تودہ تودہ حسرت سے ہے

قطعہ

ای ذوق بس نہ انکو صوفی حبابی | معلوم ہی حقیقت ہو حق حباب کی
نکلی ہو میکدہ سی ابھی مونہہ چھپا کی تم | ڈالی ہوئی بغل مین صراحی شراب کی

مطلع

کیا ہم سخن کرتا ہی اوس گل کی دہن سی | غنچہ سی یہہ کہدو کہ چٹک جائی چمن سی

ایضاً

ذکر کچھہ چاک جگر سینی کا سن اپنی | کرکی مین ضبط ہنسی دیکھو ہون ناخن سی

ایضاً

ہم ہین غلام اونکی جو ہین وفا کی بندی | اسکو یقین جانو گر ہو خدا کی بندی

قطعہ

تو بھلا ہی تو برا ہو نہین سکتا ای ذوق | ہی برا وہ ہی کہ جو تجھکو برا جانتا ہی
اور اگر تو ہی برا ہی تو وہ سچ کہتا ہی | کیون برا کہنی سی تو اوسکی برا مانتا ہی

مطلع

بیمار غم جو بیٹھا کہا کر زمین دیکھی | خوش خوش وہ مقبرونکی جا کر زمین دیکھی

مطلع

آتی ہی گہر کی نوبتی پہر جانیکی سنائی ۔ ہو جاؤن سن کے کیونکر یہہ تو بری سنائی

مطلع

کہل سکے گل کچہہ نہ بہار اپنی صبا دکہلا گئی ۔ حسرت اون غنچون پہ ہی جو بن کہلی مرجہا گئی

مطلع

آج تنہا خفقانی سی ہین گہر مین پہرتی ۔ کل کے جو وصل کی عالم ہین نظر مین پہرے

مطلع

ہم اور غیر کچہ کیا دونون بہم ہونگے ۔ ہم ہونگی وہ ہونگی وہ ہونگی ہم ہونگے

مطلع

کونسی دل کو نگہ تیز نہ خونریز رہے ۔ مجہہ پہ ظالم تری ہر روز چہری تیز رہے

فرد

کیا بشر مانند یوسف کیا ملک ہاروت وار ۔ عشق کی ہاتون سی ہو جاتا اسیر چاہ ہی

مطلع

خط ٹہرا زلفین ٹہرین کاکل ٹہری گیسو ٹہرے ۔ حسن کی سرکار مین جتنی ٹہری ہندو ٹہری

تمام

انکو گہبرا کی یہہ کہتی ہین کہ مرجائینگے ۔ مرکی بہی چین نپایا تو کدہر جائینگے

مطلع

باقی ہی تیغ کو ابھی حسرت گناہ کی ۔ کالا کریگا موںہہ بہی جو ڈاڑہی سیاہ کی

مطلع

عیان ہی عشق کی گرمی ہویدا سعد بن لپ ہی ۔ کہ آتا اپنا شک سختہ مانند فلفل ہی

فرد

مجہی گہوارہ بہی تہا کشتی طوفان زدہ جیسا ۔ دہ ہون جون طفل شک آفت رسیدہ میں گہی

ناتمام

کوئی ان تنگ دہانون سی محبت نکرے ۔ اور جو یہہ تنگ کرین موںہہ سی شکایت نکری

عشق کی داغ کو دل مصر نبوت سمجہا ۔ ڈرہی کافر کہین دعوی نبوت نکری

مطلع

درد دل سی لوٹتا ہون میر اسکو درد ہی ۔ ہون مین حرف درد جس پہلو سی الٹو درد ہی

مطلع

دل گرفتار ہوا یار کی عیاری سے ۔ ہم گرفتار ہوئی دل کی گرفتاری سے

مطلع

جو کہو گی تم کہینگے ہم بہی ہان یون ہی سہی ۔ آپکی یون ہی خوشی ہی مہربان یون ہی سہی

مطلع

کتنی مفلس ہو گئی کتنی تونگر ہو گئے
خاک مین جب مل گئی دونون برابر ہو گئے

ناتمام

سایہ تیری ہم ہی جس دن سایہ پرور جائینگے
آگی جائین پیچھی جائین جائینگے پر جائینگے

ابر رحمت ہی ابھی اسدم لگادی جہڑی
کہتی ہین جا شکوہ دیکہین تو کیونکر جائینگے

ناتمام

ہم بتون کی دل کو جذب دل سی کہینچی جائینگے
پر بڑی تہہ مین یہہ مشکل سی کہینچی جائینگے

دیکہین تو دل کے کشش کب تک نہین کرتا اثر
ہم ہی نالہ سی دل بسمل سی کہینچی جائینگے

مطلع

قفل صد خانہ دل آیا جو تو ٹوٹ گئی
جو طلسمات نہ ٹوٹی تہی کبہو ٹوٹ گئے

مطلع

جا ہی ہی زیر مغیلان سر دیوانون کی
مدتون جہان چکی خاک بیابانون کی

ناتمام

اوڑائی طرز نالہ کی جو ایکدن تیری مجنون نسی
تو تب تک دیکہہ لی منقار طوطی سرخ ہی خون سی

نہ تب آنکہو مین خواب آیا خیال خال مشکو نسی
رہی بیدار سارے رات ہم یک حب افیون سی

ناتمام

کہتی ہین لوگ جہوٹ نہین پانو چہوٹ کی
جہوٹی تو بیشتر ہین نہین پانو ٹوٹ کی

چلتا ہو ذوق قید سی ہستی کی چہوٹ کی
یہہ قید بار ڈالی کی دم گہوٹ گہوٹ کی

کیونکہ حباب ہو سکی دریای بیکران
دریا سی جب تلک نہ ملی ٹوٹ پہوٹ کی

ناتمام

ہر دم دل خون گشتہ مین ہی جوش ولولی
چہاپا ہی سینہ مین سویدا ہو خون ہی

پہر جاتی ہی سینہ کو سری آہ ہی الٹی
برگشتہ جو قسمت ہی سو بخت نگون ہی

دل کرتا ہی اوس کوچہ کا جب قصد لیا
طائر کی جگہہ رنگ پہ پیدا ہی شگون ہی

قایم ہی بنا درد کی فریاد سی میری
جو نالہ ہی ایوان محبت کا ستون ہی

فرد

قسمت برگشتہ دیکھو نگہ کی ہی یہان
سو ہی اگر تا سر مژگان حیا سی پہر گئی

مطلع

الفت کا نشہ جب کبہی مر جائی تو جائی
یہہ درد سر ایسا ہی کہ سر جائی تو جائی

مطلع

کہتی ہین لوگ موت تو سب جا سی آتی ہی
پر میری پاس آسی بہی کوئی کہان جائی

قطعہ

کہوں اے ذوق کیا حال شب ہجر — کہ تہی ایک ایک گہڑی سو سو مہینی
نہ تہی شب ڈال رکہا تہا اک اندہیر — مری بخت سیہ کی تیرگی نی
تپ غم شمع سان ہوتی تہی کم — اوڑاتی تہی پسینو نپر پسینی
یہی کہتا تہا گہبرا کر فلک سی — کہ اوبی مہر بد اختر کمینی
کہان مین اور کہان یہہ شب بگڑی — مری جانب سی تیری دل مین کینی
سواس ظلمت کی پردہ مین کہی ظلم — اری ظالم تری کینہ وری نی
عوض کس بادہ نوشی کی مجہی آج — پڑی یہہ زہر کی گہونٹ پینی
حواس و ہوش جو مجہ سی قرین تہی — قرینہ سی ہوئی سب نی قرینی
مری سینہ زنی کا شور سنکر — پہٹی جاتی تہی ہمسایون کی سینی
اوٹہایا گاہ اور گاہی بٹہایا — مجہی بیتابی و بیطاقتی نی
کہا جب ڈالنی تو کچہہ کہا کی سو رہ — بہت الماس کی توڑی نگینی
نہ ٹوٹا جان کا قالب سی رشتہ — بہت سی جان توڑی جانکنی نی
بہت دیکہا نہ دکہلایا ذرا ہی — طلوع صبح سی موہنہ روشنی نی
کہا جینی مجہی یہہ ہجر کی رات — یقین ہی صبح تک دیگی نہ جینی

لگی پانی چوانی موہنہ مین آنسو
پڑہی یاسین سرہانی بیکسی نی

مگر دن عمر کی تہوڑی سی باقی
لگا رکہی تہی میری زندگی نی

کہ قسمت سی قریب خانہ میری
اذان مسجد مین دہی بارہی سینی

بشارت مجہکو صبح وصل کی دی
اذان کی سانتہہ مین فرخی نی

ہوئی ایسی خوشی ایدر ایدر
کہ خوش ہوکر کہا خود یہہ خوشی نی

موذن مرحبا بر وقت بولا
تری آواز مکی اور مدینی

قطعہ دیگر

کل ایک تارک دنیا سی پوچہا ذوق
کہ تو او کہر کی اندہیری اودہر ہوا پیوست

گذرتی ہوگی با آرام زندگی تیری
کہ تجہکو اب نہ غم نیست ہی نہ شادی ہست

کہا یہہ اوسنی کہ قید حیات مین لیکن
کبہی نہ ہوگا دل آسودہ گو ہو سست الست

اوٹہائی ہاتہہ جہان سی و لیک کیا امکان
کہ با فراغ کری کنج عافیت مین نشست

چہٹا جو کوئی گرفتار یون سی دنیا کی
تو سلسلہ مین فقیری کی پہر ہوا پابست

رہا وہ خدمت مرشد کی قید مین بر سون
کہ حق پرست ہو پہلی جو ہو پیر پرست

گر ایک عمر مین پہونچا مقام اعلی پہ
کہا یہہ شوق نی ہو ہمت بلند نہ پست

جو دستگاہ تصرف مین ہی ہوئی اوسکو
تو یہہ ارادہ رہا اور ہی ہون بالادست

ہمیشہ جنگ ہی بعد صلح کل کی سبہی
کہ نفس دشمن سرکش ہی اسکو دیجی شکست

جو ہوشیار ہی تو ہی وہ شرع کا پابند
پہنسا ہوا ہی وہ کیفیتون مین گو ہی مست

نہین ہی دام علایق سی مطلق آزادی
مجال کیا کہ نکلجاوی کوئی کدکی بست

کہا ہی خوب کسینی یہہ شعر برجستہ
کیا زبانسی نکل اوسکی جیسی تیر از شست

کہ کرد قطع تعلق کدام شد آزاد
بریدہ زہمہ با خدا گرفتار است

رباعیات

کیا جانینگی ابذوق بجز خاص عوام
علی جو علی کی ہی امامت کا مقام

جو لوگ صف اول میثاق مین تہی
پوچہی کوئی اونسی کہ وہ کیسا تہا امام

رباعی

سبطین نبی یعنی حسن اور حسین
زہرا و علی کی دونون وہ نور العین

عینک ہی تماشای دو عالم کی لئی
ای ذوق لگا آنکہونسی اونکی نعلین

رباعی

کیا فائدہ فکر بیش و کم سی ہوگا
ہم کیا ہین جو کوئی کام ہمسی ہوگا

جو کچہہ کہ ہوا ہوا کرم سی تیری
جو کچہہ ہوگا تیری کرم سی ہوگا

رباعی

دل ہنا غم دہر سی تو کر نہ اوچاٹ
جس طرح کٹین پور مصیبت کی کاٹ
اے ذوق فلک آپ ہی بارہ حصی
سورا ہو نہ کیون زیر فلک بارہ باٹ

رباعی

جنکی تہی گرہ مین احمقون کی پیسی
سب کہتی تہی اونکو آپ ایسی ایسی
مفلس جو ہوئی تو پہر کسینی اے ذوق
پوچھا نہ کہ تہی کون وہ ایسی تیسی

رباعی

اے ذوق کریگا کوئی دنیا کیا ترک
دنیا ہی بری بلا ہی کیسا ترک
ممکن ہی نہین ترک ہو کسی سی دنیا
جنکی نہ کری آپ اوسی دنیا ترک

رباعی

اے ذوق کبہی تو نہ خوش اوقات ہوا
اک دم نہ ترا صرف مناجات ہوا
تہا جبکہ جوان تہا جوان بد مست
جب پیر ہوا پیر خرابات ہوا

رباعی

چشم اوسکی نشہ سی جب گلابی ہو جائی
صوفی اوسی دیکہکر شرابی ہو جائی
دکہلائی جو وہ روی کتابی اے ذوق
سب مدرسہ کافر کتابی ہو جائی

رباعی

ان آنکھون سی وہی لالہ گون بہی دیکھا — اور پہر انکو پر رشک خون بہی دیکھا
کیا کیا دیکھا نہ رنگ ہمنی ای ذوق — یون بہی دیکھا جہا انکو وون بہی دیکھا

رباعی

دنیا کی الم ذوق اوٹھا جاینگے — ہم کیا کہین کیا آئی تہی کیا جاینگے
جب آئی تہی روتی ہوی آپ آئی تہی — اب جاینگی اورون کو رلا جاینگی

قطعہ

جنکو اسوقت مین اسلام کا دعوی ہی کمال — دیکھتا ہون یہہ ابہی قوم مین کا حوال
جسطرح سی کہ سیاہ دینی کو بیدینون کی — نقل کرتا ہو مسلمان کی کافر نقال

اشعار غزلیات مرقومہ وغیر مرقومہ کہ بعد ترتیب دیوان دستیاب گردیدہ بہ تحریر می آید ۱۲ — تتمہ اشعار غزل ناتمام مرقومہ بالا

نیمچہ جب مری قاتل نی بغل مین مارا — جو چڑہا مونہہ اوسی میدان اجل مین مارا
اجل آئی نہ شب ہجر مین اور تو نی فلک — بی اجل ہمکو تمنای اجل مین مارا
عشق کی ہاتہہ سی نہ قیس بچا نہ فرہاد — اوسکو گردشت مین تو اسکو جبل مین مارا
کہینچکر عشق جفا پیشہ نی شمشیر جفا — پہلی اک ہاتہہ مجہی پر تہا ازل مین مارا

ہمنی جا نا وہین اس عشق نی مارا ہسکو | تیشہ فرہاد نی جسوقت جبل مین مارا

تتمہ مرقومہ بالا

گر دکہا دون عالم اپنی نالہائی زار کا | کام لون ہر تار مو سی تار مو سینا کا
دیتا ہی کعبہ کو آرایش سیہ جامہ کیطرح | زاہد و سایہ مری بتخانہ کی دیوار کا
استخوان ہین سع خستہ جان کی کہانا زینہار | ای ہما یہ رزق ہی مرغان استخوار کا

مطلعہا غزل مرقومہ

گر لکہون مضمون اپنی نالہ پر شور کا | لون صریر خامہ سی مین کام بانگ صور کا
شمع مین بہی ہی بیان تہا اوس گلشن جمہور کا | مجہکو شربت مین مزا آیا ہے انگور کا

فرد غزل مرقومہ

آخر کو فیض بیعت دست سبو سی آج | پیر مغان کی مین بہی مرید و مین ہوگیا

مطلعہا مرقومہ بالا

دل مرا جام شراب ہوس جام شراب | اور ہی خال سویدا عکس جام شراب
یونہی اوس ہاتہ مین وقت ہوس جام شراب | ساغر دل کو جو ہو دسترس جام شراب

اشعار غزل غیر مرقومہ

وہ ہی بیماری لفت سی دل زار کو رنج | جسمین ہے خود رنج کو آزار ہی آزار کو رنج

دیدۂ آبلۂ پا کا بہی رونا ہی | کہ نہ پہونچا ہو کہین مجہسی کسی خار کو رنج
ہوش کو ہیچ کی لی دارو ئی بیہوشی تو | ذوق بیہوش کو آرام ہی ہشیار کو رنج

ایضاً

ای دل وہ سر غمزۂ پنہان عیان نکر | انکہون سی دیکہہ اور زبانسی بیان نکر
آہو ہین درد دل جو نکالون تو وہ کہی | ای تفتہ جان ہوا ہو یہانسی دہوان نکر

تتمۂ مرقومۂ بالا

جگر اور دل کا جتنا حوصلہ تہا تل گیا سارا | نگہ کی تیر کا ہونا ترازو اسکو کہتی ہین
عدوی نیش ان ہر دم ہی میرے دری ایذا | یہہ موذی زہر کی ہی گانٹہہ بچہو اسکو کہتی ہین
جو پوچہی عقل یہہ مجہسی بتا کیا نام ہی تیرا | کہون دیوانۂ چشم پریرو اسکو کہتی ہین
کبہی شیرین نہ دلسی کوہکن کی کوہ کو کاٹا | محبت یہہ نہین ہی زور بازو اسکو کہتی ہین

مطلع

رخصت جو مجہسی ہو کر جاتی وہ اپنی گہر ہین | گہبرا کی پہونچتی ہم وہان اوسسی پیشتر ہین

مطلع

جاتی ہین اپنو کوی بت لالہ فام کو | اپنا تو ہین سلام ہی دار السلام کو

مطلع

کہی ہیک جب سن لی انسان دو | کہ حق نے زبان ایک دی ہی کان دو

مطلع

لی نگاہ مہر سی دل مست بچشم قہر دیکہہ | گر دیئی سی جو ہری تو دہی ادسکو زہر دیکہہ

ما بقی مرقومہ بالا

ہم جیتی جی جہان سی معدوم ہو گئی | اپنی نظر سی گم سبب لاغری ہوئی

یک خال زیر زلف سی ظاہر سری لئی | ای ماہ سو طریقہ بد اختری ہوئی

رسوا نہوتی کرتی نہ گر جیب و سینہ چاک | ہم آپ اپنی باعث پردہ دری ہوئی

مطلب نہ کفر سی ہی نہ اسلام سی غرض | دل دیکی ای صنم تجہی سب سی بری ہوئی

تب تا دسن بیاض چشم مین ہین خط سرمہ سی | جو انتخاب نسخہ افسونگری ہوئی

طالع ہوئی نہ اپنی سعادت سی ہمقرین | گرچہ بہت قران مہ و مشتری ہوئی

ای ذوق آج سامنی ادس چشم مست کی
باطل سب اپنی دعوی دانشوری ہوئی

ایضاً

وہ منیری اختر طالع کی ہی دازدن گردش | کہ فلک کو بہی نگونسار لئی پہرتی ہی

ایضاً

تم بہولکر بہی یاد نہین کرتی ہی غضب | ہم تو تمہاری یاد مین سب کچہہ بہلا چلی

مطلع غزل مرقومہ

ہی گر تری چشم سحر افرین ہی | تو نہ دل نہ جان ہی نہ ایمان نہ دین ہی

غیر مرقومہ

ستمگر تو نی رو کا سبکو میری پاس انیسی | اجل ہی گر کبھی آئی تو شاید کچھ بہانی سی
اگرچہ لی چکا ہی تو دل و دین ایک ہانی سی | نہین اب بہی ہی کافر ترا ایمان پھر کہانی سی
پڑی تسبیح زاہد پر نگاہ مست گر اوسکی | تو ٹیکی بادۂ انگور اوسکی دانہ دانی سی

ایضا

ایک صدمہ درد سر کا سری جان پر تو ہی | لیکن بلا سی یار کی زانو نہ سر تو ہی
وہ دل کہ جسمین سوز محبت نہو وی ذوق | بہتر ہی اوس سی سنگ کہ اوسمین شرر تو ہی

ایضا

رات جون شمع کٹی ہمکو جو روتی روتی | بہگئی انکہین ہم صبح کی ہوتی ہوتی

اشعار غزل کہ در مطلع آن نوشتہ بالاست

اثر ہو نالہ بیدرد مین تنا تو ای بلبل | کہ ٹپکین جا بجا شبنم نشک انجم چشم گردون سی
یہہ عالم ہی وہ خمخانہ کہ جسمین دم رگردون | گل حکمت کبھی کتنی ہی خم خاک فلاطون سی

تری مجنون کی تن پر لاغری کا قطع ہی جامہ | کری ہی پیرہن وا ایک برگ بید مجنون سی
اوڑا مین پون جادو گر بلا سی ہم نہین ڈرتی | پڑا اپنا دم ہوتا ہی اوس چشم پر فسون سی

غزل

گری ہی کام تیغ یار کس کس آبداری سی | دکہائی اپنی گلکاری ہی کیا کیا زخم کاری سی
گذرتی ہی مری اِن زندگی غفلت شعاری سی | مری نزدیک بیہوشی ہی بہتر ہوشیاری سی
زبان کہولینگی مجہ پر زبان کیا یہ شعاری سی | کہ مینی خاک بہردی اونکی موہنہ مین خاکساری سی
ہوا گر وہ شوخ خودنما سرگرم آرایش | اوٹہا تا ہاتہہ خورشید فلک آئینہ داری سی
خبر کیا پوچہتی ہو اپنی بیمار محبت کی | کہ نوبت دم شماری کی تہی شب اختر شماری سی
جو پوچہی زاہد خشک اپنی دامن کی تری | اگر پرہیز کی پوچہی کہون پرہیزگاری سی
کبہی جو سر اوٹہایا ہی تو جون اشک سر مژگان | زمین کو جا لگا سر جہک کی ناشرمساری سی
قفس کہولی اوڑی اور پیر مضطرب نہ ہی | خبر گل کی سنی اوڑتی ہی گرباد بہاری سی
نہین جاتی اوٹہائی بار کاوش اونکی عوض آنی | مری چہاتی پہ پتہر سنگدل وچار بہاری سی
لگی ہی گر زمین سی پیٹہہ تیری تفتہ جانونکی | تو مثل برق اوٹہہ بہاگین گے پہر بیقراری سی

نہین آتا نہ آئی رحم ذوق اوس ستمگر کو
بلا سی خوش تو ہوتا ہی وہ میری آہ وزاری سی

اشعار متفرقات مثنوی

جا ہی نام اوسیکا ای خامہ	زینت نامہ زیب سر نامہ
کلک اوسکی نمونہ قدرت کا	تک قلمدان ہنر صنعت کا
سرخ قرطاس کو صفائی دی	اور سیاہی کو روشنائی دی
دیا قمری کو مصرع نالا	مصرع قد سرو پر بالا
کی عطا نو خطونکو کلک ادا	کیا عاشق کو تختہ مشق جفا
ساقیا جلد اوٹھہ درنگ نکر	عرصہ مطلب کا دیکھہ تنگ نکر
طاق سی تو اوتار لی شیشہ	طاق پر رکھہ کتاب اندیشہ
شیشہ می کی ہہ دراز زبان	اور پہر یہہ ستم کہ بند دہان
مین ہون مانند ساغر لبریز	جان بلب جان بلب کو کیا پرہیز
جہوم جہوم ایسی بادل آنی لگی	پاون توبہ کی لڑکہڑانی لگی
کردی یہانتک مجھی نشہ مین چور	تا کہ مانند خوشہ انگور
دلکی ساری پہپولی پہوڑ دہین	نکتہ باقی کوئی نچہوڑون مین
شب ہجران بسر نہین ہوتی	نہین ہوتی سحر نہین ہوتی
بستر رنج و کنج تنہائی	رات کیا آئی ایک بلا آئی

شام سی حال ہی یہ صبح تلک
نہیں لگتی مری پلک سی پلک

کیون نہیں بولتی سحر کی طیور
کیا شفق نی کہلا دیا سیندور

جان بیتاب جیسی بیکل برق
وہ بہی گرم رہِ فنا کا برق

نبضین چہوٹی ہوئین غشی طاری
ایک فرقت ہزار بیماری

دل سی رخصت ہی تاب و طاقت کی
بیقراری نی استقامت کی

ہوس سیر باغ ہی کسکو
دل ہی کسکو دماغ ہی کسکو

کاٹ کہانیکو دوڑتا ہی گہر
سنگ دیوانہ بنگیا ہی گہر

ہو چکی دل کی اپنی عشق مین خیر
رہوین دریا مین اور مگر سی بیر

ماہ بیمہر بلکہ دشمن مہر
ہر ستم مین ستم شریک سپہر

فتنہ اوستاد نرگس فتان
گرد مژگان ہجوم شاگردان

رخ تعالی اللہ زلف جلّ علی
قد دہ سبحان ربّی الاعلی

زلف جنبان مین رخ کی بُرّاقی
کرتی مشائیون کو اشراقی

گو اشارتکلم نہ موہنہ سی سکہے
لیک جاری زبان ہر مو سی

مچہلی بازو کی ماہی دو لمین
غرقہ کش بحر خون سی مردم مین

کہم و ناف ازپی دل زار
رشتۂ کار و عقدۂ دشوا

رنگ پان لعل روح فزا پر — خون ثابت کری مسیحا پر

قطعہ خاتمہ

کیا وہ دنیا جسمین ہو کوشش نہ دینکی واسطی — واسطی وہانکی بہی کچہہ چاہیے یہان کیواسطی

ذوق عاصی ہی تو اسکا خاتمہ کیجو بخیر — یا الہی اپنی ختم المرسلین کے واسطی

تمت بالخیر

خاتمۃ الطبع حمد وافر اوس خدای کارساز کو سزاوار کہ انسان ضعیف البنیان کو گویا کیا ساتہہ کلمات واضحات کی اور نعت اوس رسول واقف راز بی نیاز کو شایان کہ موید تہے ساتہہ حجج بینات کی اما بعد کہتا ہی بندہ امیدوار مغفرت ایزد منان محمد حسین خان تحسین مہتمم مطبع مصطفائی دہلی کا کہ یہہ عاجز مدت مدید سی آرزومند تہا کہ کلام فصاحت نظام حضرت اوستاد ملک الشعرا خاقانی ہند الموسوم بشیخ محمد ابراہیم المتخلص بہ ذوق کا مطبوع ہوکر باعث اشاعت نام اوستاد مرحوم موصوف و نیز فرحت بخش دل مشتاقان و قوت دہ قلب ناظرین ہو لاکن یہہ مطلب اس عاجز کا حین حیات اونکی مین باعث موانعات چند در چند و بسبب عدم فرصتی اصلاح دادن غزلیات وغیرہ حضرت ابوظفر شاہ ہند حاصل نہوا اور طبیعت میری متأمل تہی بلکہ بیقرار رہی اور چونکہ دیوان اوستاد مرحوم کا مرتب نہوا تہا صرف مسودات متفرقات موجود تہی سو وہ بہی ایام غدر مین تلف ہوگئی اس نحیف کو کمال اضطراب ہوا کہ اب سر نو میسر کیونکر حاصل ہو اور دعا دلی کستلو بارگاہ مجیب الدعوا

مستجاب اور کون درباب فراہمی وطبع دیوان مذکور جستجو وجابجا نگاہی کرتا کہ ناگاہ یاوری بخت
وخوبی قسمت میری سی جناب حافظ غلام رسول صاحب متخلص بہ ویران کہ شاگرد رشید استاد
مرحوم کی ہین اور برسون تک شب و روز در خدمت فیضدرجت استاد مرحوم مین باستفادہ و اشتغال
شعر وسخن اوقات عزیز بسر کی قصبۂ پانی پت سی رونق افروز شہر دہلی ہوئے باتفاقات حسنہ سے اس
بندہ سی بہی ملاقات ہوئی اونسی جو یہہ راز دل افشا کیا گیا تو حافظ صاحب ممدوح نی فرمایا کہ سرانجام
فراہمی اسکا ذمہ میرا ہی اسلئی کہ ایک عرصۂ مدید تک لیل و نہار تادم حیات استاد کی خدمت مین
رہتا تہا اور جو شعر زبان مبارک سی فرماتی تہی اوسکو گوش دل سی سنکر وچشم باطنی سی دیکہکر حفظ مثل
نقش کالحجر کر لیتا تہا کہ ابتک بہت یاد ہی اور کچہہ تحریف نہین ہوئی ہی ہرگاہ کہ جناب حافظ صاحب
ممدوح نی یہہ بیان کیا نہایت اس احقر کو خوشی حاصل ہوئی اور دل بی تسکین کو گونہ تسلی اور بہ ترغیب
وتحریص حافظ صاحب موصوف کی شیخ محمد ابراہیم صاحب وغیرہ تاجران دہلی کو واسطے طبع دیوان
کی ازحد آمادہ و سرگرم پایا تو یہہ دیوان بسعی مرزا امو جانصاحب مہتمم مطبع احمدی واقع شاہدرہ
دہلی و بہ کوشش بی پایان شیخ محمد ابراہیم لاہوری و شیخ محمد حسین و شیخ محمد عظیم صاحبان تاجران
دہلی ادام اللہ منفعتہم و بحسن سعی ترتیب و تالیف و اجازت دہی مولفان یعنی جناب حافظ صاحب
مرقوم الصدر و جناب سید ظہیر الدین معروف بہ نواب میرزا صاحب متخلص بہ ظہیر و جناب سید امیر مرزا
متخلص بہ انور شاگردان استاد غفر اللہ لہ سید امراؤ میرزا صاحب خوشنویس معروفہ بالا سی

لکھوا کر اور یہ نقاشی میاں خدا بخش نقاش لاثانی رشک پرند مانی کروا کر اور مقابلہ و تصحیح
شیخ حفیظ اللہ صاحب سلمہ داگر متخلص بہ حفیظ ولد میاں محمد بخش مرحوم دہلوی شاگرد حافظ صاحب
ممدوح کہ جو جو غلطی کاپی اور جزوہای طبع شدہ میں برآمد ہوتی تھی درست کرتی تھی اور بکمال
دقت صحت بجا لاتی تھی اور سوای تصحیح و تنقیح کی کچھ کار دیگر نتھا اور جو جو جیسا زبان مصنف
سی ادا ہوا تھا حتی الوسع صحیح کرتی تھی درست او صحیح کرا کر طبع کروایا اور بعض اشعار کہ بمقتضای
بشریت حافظ صاحب کی قوت حافظہ میں نرہی اور دونوں مولفین موصوفین کو بھی یاد نہ تھی
اور نہ کہیں سی دستیاب ہوئی سو باعث امر ناچاری مندرج دیوان نہیں ہوئی
چنانچہ اکثر غزلیات ناتمام بر لفظ ناتمام لکھدیا گیا ہی واسطی اطلاع ناظرین دیوان کی یہ سبب
حال داخل خاتمہ کیا گیا فقط × ××× **قطعہای تاریخ انطباع دیوان**

قطعہ تاریخ از سر جوش طبع درست حافظ غلام رسول صاحب ویران

چون بسعی شیخ ابراہیم ابن نور بخش × طبع شد دیوان ابراہیم ذوق پاک مرد کلک خامہ مشکین رقم
تحریر سال طبع او × نسخہ گلزار ابراہیم والا جاہ کرد ۱۲۷۹ **ولہ ایضا** مطبوع ای ویران چو شد
دیوان ابراہیم ذوق × از معنی رنگین او گلہای گوناگون شگفت ہر بہر دم بحسب فکر سر از بہر سال
طبع دل کلک گلدستہ گلزار ابراہیم ذوق زیبا طرح گفت ۱۲۷۹ **ولہ ایضا** در تالیف کلام ذوق
فراہم ہوا جو ای ویران ہر تو ذوق اہل مذاق سخن دوچند ہوا × قلم نی یوں سر قرطاس

کی رقم تاریخ × وفور ذوق سی طرفہ کلام ذوق فزا ۱۲۷۱ **قطعۂ تاریخ از نتائج افکار در ر نثار**

میان نواب مرزا صاحب متخلص بہ داغ شاگرد ذوق جبکہ استاد کا کلام چھپا

فکر تاریخ مین تہی طبع سلیم × یکبیک داغ مجھکو ہاتف نی × دی ندا ہی یہ نظم ابراہیم ۱۲۷۹

ولہ ایضا چو دیوان نور علی نور ذوق × مجلی شدہ صورت شمع طور ×× صفا کا غدش

روی صاف پری ×× سواد و مدادش چو گیسوی حور × خجل میکند مطلع صبح را ×× بنور سفینہ

بین السطور × برقم پی فکر تاریخ او ×× ندا داد ہاتف بیاض سرور ۱۲۷۹ **قطعۂ تاریخ چکیدۂ**

خامۂ فکر صائب سید ظہیر الدین صاحب متخلص بہ ظہیر ہوا مطبوع جب دیوان

استاد × بہار گلشن گلہای معنی × ظہیر آئی ندای غیب مجھکو × کہ ای دردی کش

صہبای معنی ×× تامل کیا ہی لکھدی سال تاریخ × بیان ذوق ہی دریای معنی ×× ۱۲۷۹

قطعۂ تاریخ طبع زاد میان حفیظ اللہ صاحب متخلص بحفیظ شاگرد دیران

وہ چہ زیبا طبع شد دیوان ذوق × کس ندیدست اینچنین باغ و بہار × خواستم از دل چو

تاریخش حفیظ ×× بی تامل گفت بین باغ و بہار × ۱۲۷۹ ×× | **اشتہار**

واضح باد کہ دیوان ذوق مولفۂ حقر العباد ان غلام رسول ویران و ظہیر الدین ظہیر

و امراو میرزا را از روی قانون یازدہم سنہ ۱۸۲۵ء بغیر اجازت ما مولفان ہیچکس

بطبع ثانی نیارد و الا مواخذہ خواہد شد المشتہر غلام رسول و ظہیر الدین و امراو میرزا شاگردان ذوق